COPYRIGHT RESERVED

Subject code: 107/207/307/503

20.25.............

Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable
परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें ।
Figures in the Margin indicate full marks
दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं ।

Time : 3 Hours 15 Minutes
समय : 3 घंटा 15 मिनट

Urdu-(32)

Full Marks : 100
पूर्णांक : 100

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 100+7 = 107 | |
| | Intermediate Examination 2025 | |
| | इन्टरमीडिएट परीक्षा 2025 | |
| | Instructions for the candidates: | |
| | 1. candidates must enter his/her Question Booklet Serial | |
| | No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet. | |
| | 2. candidates are required to give their answer in | |
| | their own words as far as practicable. | |
| | 3. Figures in the left hand margin indicate full marks. | |
| | 4. 15 minutes of extra time have been allotted for the | |
| | candidates to read the questions carefully. | |
| | 5. This question booklet is divided into two sections. | |
| | Section-A and Section-B. | |
| | 6. In Section-A, there are 100 objective type questions, | |
| | out of which any 50 questions are to be answered. If | |
| | more than 50 questions answered, then only first 50 | |
| | will be evaluated. Each question carries 1 mark. | |
| | For answering these darken the circle with blue/ | |

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | black ball pen against the correct option on OMR | |
| | Answer Sheet provided to you. Do not use whitener/ | |
| | liquid/blade/nail etc. on OMR Answer Sheet, otherwise | |
| | the result will be treated invalid. | |
| | 7. In section-B, there are 7 short answer and long | |
| | answer type questions. Marks indicate left side | |
| | against each question. | |
| | 8. Use of any electronic appliances is strictly | |
| | prohibited. | |
| | ہدایات: | |
| | 1۔ امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل | |
| | نمبر (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔ | |
| | 2۔ امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں | |
| | جواب دیں۔ | |
| | 3۔ بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔ | |
| | 4۔ سوالات پڑھنے کے لئے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت | |
| | دیا گیا ہے۔ | |
| | 5۔ یہ سوالیہ کتابچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ سیکشن-A اور سیکشن-B | |
| | 6۔ سیکشن-A میں 100 معروضی سوالات ہیں ان میں سے صرف 50 سوالوں | |

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | کا جواب دینا ہے - اگر پچاس سے زائد سوالوں کے جواب دئے جائیں گے | |
| | تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا - ہر ایک کے لئے ایک نمبر مختص ہے - ان | |
| | کا جواب دینے کے لئے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے | |
| | سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں - OMR جوابی شیٹ | |
| | پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ | |
| | ناقابل قبول ہوگا - | |
| | 7- سیکشن - B میں 7 مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات ہیں - | |
| | ہر ایک سوال کے لئے بائیں جانب مارکس درج ہیں - | |
| | 8- کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے - | |

Biharboardquestionpaper.com

## Section-A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں - پچاس سے زیادہ جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے -

50X1=50

1- انشائیہ کیسی صنف ہے ؟

(A) شعری (B) نثری (C) دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

2- مدرسہ امدادیہ دربھنگہ میں کس ادیب نے تعلیم حاصل کیا ہے ؟

(A) حالی (B) سید سلیمان ندوی (C) شبلی نعمانی (D) سر سید احمد خاں

3- سید سلیمان ندوی کا تعلق کس صوبہ سے رہا ہے ؟

(A) مغربی بنگال (B) اتر پردیش (C) بہار (D) اڑیسہ

4- مٹی کا تیل کس طرح کا ہوتا ہے ؟

(A) بدبودار (B) خوشبودار (C) نہ ہی بدبودار نہ ہی خوشبودار (D) ان میں سے کوئی نہیں

5- نذیر احمد کس مشہور شخصیت کے استاد تھے ؟

(A) عظیم بیگ (B) عبداللہ بیگ (C) فرحت اللہ بیگ (D) حشمت اللہ بیگ

6- وہ کون سا سرمہ تھا جس کو لگانے سے جناتوں کی دنیا نظر آنے لگتی ہے ؟

(A) داؤدی سرمہ (B) سلیمانی سرمہ (C) یعقوبی سرمہ (D) داستانی سرمہ

7- فورٹ ولیم کالج کہاں قائم کیا گیا تھا ؟

(A) کولکاتا (B) دہلی (C) حیدرآباد (D) پٹنہ

8- کس کی خواہش پر میر امن نے 'باغ و بہار' جیسی کتاب ترجمہ کی ؟

Biharboardquestionpaper.com

(A) آصف الدولہ (B) جان گلکرسٹ (C) نواب واجد علی شاہ (D) محمد حسین

9۔ سیوان سے احمد جمال پاشا کا کیا رشتہ تھا؟

(A) سسرال (B) نانیہال (C) دادیہال (D) آبائی وطن

10۔ جنت سے حکم سفر کسے ہوا؟

(A) حضرت ابراہیمؑ (B) حضرت آدمؑ (C) حضرت موسیٰؑ (D) حضرت عیسیٰؑ

11۔ شفیع جاوید کا اصل نام کیا ہے؟

(A) شفیع احمد (B) محمد شفیع الدین (C) شفیق الدین (D) شفیع اللہ

12۔ 'ہیرامن' کس کا افسانہ ہے؟

(A) جیلانی بانو (B) عصمت چغتائی (C) شکیلہ اختر (D) شفیع جاوید

13۔ امّو کی خادمہ کا کیا نام تھا؟

(A) خواجہ امیرن (B) خواجہ بی (C) امراؤ بیگم (D) فرحت بیگم

14۔ منٹو کی وفات کہاں ہوئی؟

(A) کراچی (B) لاہور (C) دہلی (D) حیدرآباد

15۔ 'بشن سنگھ' کس افسانہ کا کردار ہے؟

(A) ہیرامن (B) ابراہیم سقّہ (C) ٹوبہ ٹیک سنگھ (D) کوارنٹین

16۔ ان میں سے کس رسالہ کا تعلق مولانا آزاد سے نہیں ہے؟

(A) الہلال (B) ہمدرد (C) البلاغ (D) لسان الصدق

17۔ مولانا آزاد کے والد کا کیا نام تھا؟

(A) مولانا خیرالدین (B) مولانا بدرالدین (C) مولانا فخرالدین (D) مولانا شرف الدین

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 18۔ عبداللہ بھینسا کون تھا؟ | |
| | (A) مکھیا کا بیٹا (B) سردار کا بیٹا (C) سرپنچ کا بیٹا (D) کسان کا بیٹا | |
| | 19۔ سلام بن رزاق کی پیدائش کہاں ہوئی؟ | |
| | (A) پن ویل (B) پونا (C) مہو (D) مالی گاؤں | |
| | 20۔ سید عزیز احمد کس افسانے کا کردار ہے؟ | |
| | (A) ابراہیم سقہ (B) پیرامس (C) بھولے بسرے گیت (D) ٹوبہ ٹیک سنگھ | |
| | 21۔ "گوارنشین" کیا ہے؟ | |
| | (A) ناول (B) افسانہ (C) داستان (D) مضمون | |
| | 22۔ رجب علی بیگ سرور کی وفات کب ہوئی؟ | |
| | (A) 1869ء (B) 1868ء (C) 1870ء (D) 1871ء | |
| | 23۔ "فسانہ عجائب" کیا ہے؟ | |
| | (A) افسانہ (B) ناول (C) داستان (D) مثنوی | |
| | 24۔ نصاب میں مولانا آزاد کے کتنے خطوط شامل ہیں؟ | |
| | (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار | |
| | 25۔ مولانا آزاد کس ملک میں پیدا ہوئے؟ | |
| | (A) ہندوستان میں (B) پاکستان میں (C) بنگلہ دیش میں (D) سعودی عرب میں | |
| | 26۔ علی سردار جعفری نے ~~اپنی~~ ادبی زندگی کا آغاز کس صنف سے کیا؟ | |
| | (A) افسانہ نگاری (B) غزل گوئی (C) نظم نگاری (D) انشائیہ نگاری | |
| | 27۔ "کامل انقلاب" کے مصنف کون ہیں؟ | |

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) راجندر پرساد (B) مولانا آزاد (C) جئے پرکاش نارائن (D) شری کرشن سنگھ | |
| | 28۔ جئے پرکاش نارائن نے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے کس ملک کا سفر کیا؟ | |
| | (A) برطانیہ (B) امریکہ (C) چین (D) روس | |
| | 29۔ افسانہ "کوارنٹین" کا مرکزی کردار کون ہے؟ | |
| | (A) راگھو (B) بھاگو (C) ساون (D) بھاگو | |
| | 30۔ بیدی نے لاہور کے کس رسالے کی ادارت کی؟ | |
| | (A) سارنگ (B) نارنگ (C) سب رنگ (D) ہفت رنگ | |
| | 31۔ "برق کلیسا" کے شاعر کون ہیں؟ | |
| | (A) علی سردار جعفری (B) عمیق حنفی (C) اکبر الہ آبادی (D) ظفر کمالی | |
| | 32۔ اکبر الہ آبادی نے اپنی نظموں میں کس تہذیب و تمدن کو طنز کا نشانہ بنایا ہے؟ | |
| | (A) ہندوستانی (B) انگریزی (C) ایرانی (D) افغانی | |
| | 33۔ "کھیتی" کیا ہے؟ | |
| | (A) افسانہ (B) نظم (C) انشائیہ (D) ناول | |
| | 34۔ عمیق حنفی کا انتقال کہاں ہوا؟ | |
| | (A) اندور (B) دہلی (C) بھوپال (D) لکھنو | |
| | 35۔ نظم "شب قدر" کے شاعر کون ہیں؟ | |
| | (A) حالی (B) محمد حسین آزاد (C) اکبر الہ آبادی (D) جوش | |
| | 36۔ غالب کا مزار کہاں ہے؟ | |
| | (A) آگرہ (B) مراد آباد (C) رام پور (D) دہلی | |

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 37۔ زاہدہ زیدی کس مضمون کی پروفیسر تھیں ؟ | |
| | (A) اردو (B) فارسی (C) عربی (D) انگریزی | |
| | 38۔ 'ہم نہیں جانتے' کس کی نظم ہے ؟ | |
| | (A) پوجینتو موشالے (B) عمیق حنفی (C) ظفر کمالی (D) عطا کاکوی | |
| | 39۔ 'متشاعر' کے خالق کون ہیں ؟ | |
| | (A) ظفر کمالی (B) اکبر الہ آبادی (C) دلاور فگار (D) رضا نقوی واہی | |
| | 40۔ ظفر کمالی کس کالج میں استاد ہیں ؟ | |
| | (A) ملت کالج (B) اورینٹل کالج (C) مرزا غالب کالج (D) ذکیہ آفاق اسلامیہ کالج | |
| | 41۔ عطا کاکوی کا اصل نام کیا تھا ؟ | |
| | (A) سید مجیب الرحمن (B) سید رضاء الرحمن (C) سید ضیاء الرحمن (D) سید عطاء الرحمن | |
| | 42۔ 'غم ارشد' کس کا لکھا ہوا قطعہ تاریخ ہے ؟ | |
| | (A) عطا کاکوی (B) میر انیس (C) عمیق حنفی (D) جمیل مظہری | |
| | 43۔ خلیل الرحمن اعظمی نے کس کی نگرانی میں پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھا ؟ | |
| | (A) نادر علی خاں (B) پروفیسر رشید احمد صدیقی (C) پروفیسر سید سلیمان (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 44۔ 'زندگی اے زندگی' کس کا شعری مجموعہ ہے ؟ | |
| | (A) علی سردار جعفری (B) جوش (C) خلیل الرحمن اعظمی (D) ابن انشا | |
| | 45۔ کس شاعر کو غالب شکن کہا جاتا ہے ؟ | |
| | (A) یگانہ چنگیزی (B) عمیق حنفی (C) علی سردار جعفری (D) خلیل الرحمن اعظمی | |
| | 46۔ 'شاعر انقلاب' کسے کہا جاتا ہے ؟ | |

Biharboard Questionpaper.com

(A) غالب (B) جوش (C) اکبر الہ آبادی (D) چکبست

47۔ میر انیس کے ہم عصر کا نام بتائیے؟

(A) میر خلیق (B) میر ضاحک (C) میر دبیر (D) میر حسن

48۔ مرثیہ کی تمہید کو کیا کہتے ہیں؟

(A) چہرہ (B) سراپا (C) آمد (D) رخصت

49۔ چہرہ، سراپا اور رخصت کس صنف شاعری سے متعلق ہے؟

(A) قصیدہ (B) مثنوی (C) مرثیہ (D) رباعی

50۔ ایسے مصرعے، فقرے اور جملے کو کیا کہتے ہیں، جس سے تاریخ برآمد ہوتی ہے؟

(A) مادّہ تاریخ (B) اشارہ تاریخ (C) برآمد تاریخ (D) محفوظ تاریخ

51۔ دکن کا کون مشہور شاعر دہلی آیا؟

(A) نصرتی (B) ملا وجہی (C) ولی دکنی (D) غواصی

52۔ ولی دکنی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) ولی محمد (B) علی محمد (C) محمد علی (D) دل محمد

53۔ "شہر کی رات اور میں ناشاد وکارہ پھروں" یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے؟

(A) جوش (B) مجاز لکھنوی (C) فراق (D) ولی

54۔ مجاز کی تعلیم کہاں تک ہوئی؟

(A) بی۔اے (B) ایم۔اے (C) پی۔ایچ۔ڈی (D) انٹرمیڈیٹ

55۔ درج ذیل میں کون سی نظم جوش ملیح آبادی کی ہے؟

(A) آوارہ (B) کامل انقلاب (C) شکست زنداں کا خواب (D) خواب

Biharboardquestionpaper.com

56۔ درج ذیل شعراء میں قصیدہ گو کون ہیں؟

(A) عطا کاکوی (B) خلیل الرحمن اعظمی (C) میر تقی میر (D) مرزا محمد رفیع سودا

57۔ 'انجم' کے معنی کیا ہیں؟

(A) سورج (B) چاند (C) ستارے (D) کہکشاں

58۔ راسخ کی وفات کب ہوئی؟

(A) 1922ء (B) 1923ء (C) 1924ء (D) 1925ء

59۔ غلام علی راسخ کا تعلق کہاں سے ہے؟

(A) لکھنؤ (B) عظیم آباد (C) مرشد آباد (D) دہلی

60۔ دبستان دکن کے سب سے بڑے غزل گو شاعر کون ہیں؟

(A) ولی دکنی (B) قلی قطب شاہ (C) غواصی (D) ابن نشاطی

61۔ 'کسی کام کرنے کا اثر جس پر پڑے گا' اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) فعل (B) فاعل (C) مفعول (D) اسم

62۔ استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) ہندی (B) یونانی (C) فارسی (D) عربی

63۔ تشبیہ کی نشاندہی کیجئے؟

(A) میرا شیر آیا (B) آب حیات (C) دودھ جیسی رنگت (D) میرا گھر

64۔ اردو فارسی کی تعلیم ساحر نے کس استاد سے حاصل کی؟

(A) مناظر عاشق ہرگانوی (B) افضل ہرگانوی (C) فیاض ہرگانوی (D) انور ہرگانوی

65۔ ساحر لدھیانوی کو کس خطاب سے نوازا گیا؟

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
| --- | --- | --- |
| | (A) پدم بھوشن (B) پدم شری (C) پدم وبھوشن (D) بھارت رتن | |
| | 66۔ 'لڑکی' کا مذکر لفظ کیا ہے؟ | |
| | (A) لڑکا (B) خاتون (C) عورت (D) مرد | |
| | 67۔ لفظ 'شب' کی ضد کیا ہوگی؟ | |
| | (A) رات (B) اندھیرا (C) روشنی (D) دن | |
| | 68۔ صحیح جملہ ہے؟ | |
| | (A) حامد نے دیکھا (B) حامد دیکھا (C) حامد سے دیکھا (D) حامد نے دیکھی | |
| | 69۔ درج ذیل میں دئے گئے لفظوں سے کلمہ کی نشاندہی کیجئے؟ | |
| | (A) وائے (B) وانی (C) جھگڑا (D) وگڑا | |
| | 70۔ مہمل لفظ ہے؟ | |
| | (A) جس کا معنی ہو (B) جس کا معنی نہیں ہو (C) جس کا معنی آسان ہو (D) جس کا معنی مشکل ہو | |
| | 71۔ جس اسم سے کسی خاص قسم کا آواز نکلے، اسے کیا کہتے ہیں؟ | |
| | (A) اسم صوت (B) اسم استفہام (C) اسم حالیہ (D) حاصل مصدر | |
| | 72۔ مدح کا مفعول کیا ہوگا؟ | |
| | (A) مزاح (B) ممدوح (C) مداحی (D) مدحت | |
| | 73۔ گھبرانا کا حاصل مصدر کیا ہوگا؟ | |
| | (A) گھبرالو (B) گھبراؤ (C) گھبراہٹ (D) گھبرانا | |
| | 74۔ درج ذیل میں کون سا نام عرف ہے؟ | |
| | (A) بھارت رتن (B) امام الہند (C) فخرو (D) بلبل ہند | |

Biharboardquestionpaper.com

75- "اصغر کرکٹ کھیل رہا ہے" اس میں 'اصغر' کیا ہے؟

(A) فعل (B) صفت (C) فاعل (D) مفعول

76- "میر ایک غزل گو شاعر ہے" اس میں لاحقہ کیا ہے؟

(A) میر (B) غزل (C) گو (D) شاعر

77- 'روشن کمرہ' میں 'روشن' کیا ہے؟

(A) اسم آلہ (B) اسم ظرف (C) صفت (D) فعل

78- شاعر کی جمع کیا ہے؟

(A) اشعار (B) شعر (C) شاعری (D) شعراء

79- اسم فاعل کی مثال ہے؟

(A) پڑھانے والا (B) پڑھنا (C) پڑھائی (D) پڑھا ہوا

80- جس لفظ کا کوئی معنی ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) کلمہ (B) کلام (C) اسم (D) فعل

81- متشاعر کس کام سے نہیں تھکتا ہے؟

(A) شاعری سے (B) سفر سے (C) جی حضوری سے (D) ان میں سے کوئی نہیں

82- حرف ندا کی مثال ہے؟

(A) بچو! (B) کیا (C) البتہ (D) مگر

83- کیا میں بول رہا ---- ؟ جملہ مکمل کیجئے؟

(A) ہیں (B) ہو (C) ہوں (D) ہے

84- "میں پٹنہ جاؤں گا" یہ کون سا زمانہ ہے؟

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) ماضی (B) حال (C) مستقبل (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 85۔ جملے میں 'تھا' کس کی علامت ہے؟ | |
| | (A) ماضی بعید (B) ماضی قریب (C) ماضی مطلق (D) ماضی احتمالی | |
| | 86۔ 'میں آیا تھا' کون سا صیغہ ہے؟ | |
| | (A) واحد غائب (B) واحد حاضر (C) واحد متکلم (D) جمع متکلم | |
| | 87۔ درج ذیل میں ماضی شکیہ کون ہے؟ | |
| | (A) وہ آیا ہوگا (B) وہ آتا تھا (C) وہ آتا ہے (D) وہ آئے گا | |
| | 88۔ درج ذیل میں کون سا سبق افسانہ نہیں ہے؟ | |
| | (A) نذیر احمد کی کہانی (B) پیرامس (C) ابراہیم سفر (D) ٹوبہ ٹیک سنگھ | |
| | 89۔ 'میں یونیورسٹی میں' کس کی خود نوشت ہے؟ | |
| | (A) احسان دانش (B) احسان تابش (C) حسن نظامی (D) وزیر آغا | |
| | 90۔ اکبر الہ آبادی کس پرچے کے نورتنوں میں شامل ہیں؟ | |
| | (A) نگار (B) زمانہ (C) الپنچ (D) اودھ پنچ | |
| | 91۔ 'بےوقوف' میں 'بے' کیا ہے؟ | |
| | (A) سابقہ (B) لاحقہ (C) حرف (D) صفت | |
| | 92۔ 'ارض' کا ہم صوت لفظ کیا ہوگا؟ | |
| | (A) عرض (B) فرض (C) قرض (D) غرض | |
| | 93۔ 'شبِ معراج' کس کی مثال ہے؟ | |
| | (A) صفت (B) موصوف (C) اضافت (D) منادی | |

94۔ 'دن میں تارے نظر آنا' کا کیا مطلب ہے؟

(A) گرہن لگنا (B) مایوسی چھا جانا (C) سورج کی روشنی ماند پڑ جانا (D) ہر طرف روشنی ہونا

95۔ درج ذیل میں مونث کون ہے؟

(A) دریا (B) آئینہ (C) بات (D) گناہ

96۔ درج ذیل میں مذکر کون ہے؟

(A) اصلاح (B) روزہ (C) دوا (D) دفعہ

97۔ رباعی کی جمع کیا ہوگی؟

(A) اربع (B) رباعیات (C) مربع (D) مربی

98۔ 'بالا' کی ضد کیا ہوگی؟

(A) پست (B) پشت (C) بست (D) دشت

99۔ 'فضا ہنستی تھی' کون سا فعل ہے؟

(A) ماضی ناتمام (B) فعل امر (C) ماضی بعید (D) ماضی قریب

100۔ 'یہاں سے جاؤ' میں 'جاؤ' کس طرح کا فعل ہے؟

(A) فعل ماضی (B) فعل نہی (C) فعل مستقبل (D) فعل امر

BiharboardQuestionpaper.com

Section - B

1- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے: 1×8=8

(a) پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

(b) کرکٹ

(c) ابّو جان

(d) مرزا غالب

2- مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے: 2×2=4

(a) اب کیا بتائیں کیا تھا خیالوں کے شہر میں
بسنے سے پہلے وقت کے ہاتھوں اجڑ گیا

(b) رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

(c) جس کی گفتار میں نہیں ہے مزہ
سخن اس کا طعام باسی ہے

(d) غالب وظیفہ خوار ہو دو شاہ کو دعا
وہ دن گئے جو کہتے تھے نوکر نہیں ہوں میں

3- مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجئے- 1×4=4

"ہم نے بھی کالج میں مولوی صاحب کی تعریفوں کے پل باندھ دئے- یہاں
تک کہ یہ آواز ہندو کالج کے طلبہ کے کان تک پہنچی- وہاں کے ایک طالب علم
مسٹر رضا کے دل میں گدگدی اٹھی- وہ آئے ہم سے ملے اور کہا: بھئی میں بھی

Biharboardquestionpaper.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | تمہارے ساتھ چلوں۔ مولوی صاحب انکار تو نہ کریں گے۔" | |
| | یا | |
| | میں جب بھی ہجرت پر غور کرتا ہوں تو اس نتیجے پر پہنچتا ہوں کہ ہجرت تو حضرت | |
| | انسان کی سرشت میں داخل ہے۔ اس کی ہجرت کا سلسلہ تو جنّت سے شروع ہوا تھا، | |
| | اسے حکم سفر ہوا تھا کہ جاؤ اور ہماری بنائی ہوئی دنیا میں آباد ہو جاؤ۔" | |
| | 4۔ اپنی والدہ کو ایک خط لکھیے جس میں تعلیم کی اہمیت کا تذکرہ کی جائے۔ | |
| | 1×5=5 | |
| | یا | |
| | اپنے اسکول کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیے جس میں کھیل کا سامان | |
| | خریداری کرنے کی گزارش کی جائے۔ | |
| | 5۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کے مختصر جواب دیجیے: 5×2=10 | |
| | (a) مرزا فرحت اللہ بیگ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ | |
| | (b) خواجہ حسن نظامی کے والد کا نام کیا تھا؟ | |
| | (c) قلعی کھولنا اور قلعی پھیرنا کے معنی میں کیا فرق ہے؟ | |
| | (d) وزیر آغا کی دو کتابوں کے نام لکھیے؟ | |
| | (e) سجاد ظہیر کے پاکستان جانے کے بعد علی سردار جعفری کو کون سی ذمہ داری دی گئی؟ | |
| | (f) کیا تمام انسان وقت کے لقمے ہیں؟ | |
| | (g) اکبر الہ آبادی کس طرح کے شاعر تھے؟ | |
| | (h) کیا یوجینیو مونتالے نوبل انعام یافتہ شاعر ہیں؟ | |

Biharboard Questionpaper.com

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

(i) غالب کا انتقال کب ہوا اور ان کا مزار کہاں ہے ؟

(j) یگانہ کے کیا معنی ہیں ؟

6 ۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین سوالوں کے جواب دیجئے : 3x5=15

(a) افسانہ 'ابراہیم سقّہ' میں کس گاؤں کا قصّہ بیان کیا گیا ہے ؟

(b) میر امّن دہلوی کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے ۔

(c) نظم 'کھیتی' کا خلاصہ لکھئے ۔

(d) غالب کی شاعری پر چند جملے لکھئے ۔

(e) کسی بھی مقبول شاعر کا کوئی دو اشعار اپنی یاد سے لکھئے ۔

(f) صفت کی تعریف مع مثال لکھئے ۔

7- درج ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجئے : 1x4=4

"میں جب بھی خانہ بدوشوں کو دیکھتا ہوں تو مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ سماج سے کٹے ہوئے ہیں اور رفتہ رفتہ اتنے مکمل کٹ چکے ہیں کہ اب وہ خود ایک سماج بن گئے ہیں جیسے زمین اور چاند اپنے اپنے مدار پر گردشِ ماہ و سال میں مصروفِ سفر ہوں ۔ سماج سے کٹ کر وہ اتنے کمزور ہو گئے ہیں جیسے بڑے بھائی کے مقابلے چھوٹا بھائی ۔"

یا

درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے :

(a) گفتگو (b) گوارنشین (c) برق کلیسا

—x—

Biharboardquestionpaper.com